ساخت اور سازوسامان

حقائق نامہ: ۱



مذبحہ خانہ اور قصاب کی دکانوں کے لیے بہت زیادہ قوانین کی ضرورت کیوں ہے؟

تاکہ غلاظت سے آلودہ گوشت کی اشیاء کی فروخت کی روک تھام کی جا سکے۔



غلاظت سے آلودہ گوشت کی اشیاء سے کیا مراد ہے؟

ایسی اشیاء خوردونوش (گوشت) جن میں مرض پیدا کرنے والے جرثومے،طفیلیے،کیمیائی اور دیگر مضر صحت اجزاء جن کے استعمال سے انسانوں کی صحت متاثر ہونے کا خطرہ موجود ہو۔

گوشت غلاظت سے آلودہ کیسے ہوتا ہے؟

اس کے دو اہم ذرائع ہیں:

۔ گوشت کے اندر اور اوپر مرض پیدا کرنے والے جرثومے اور طفیلیے موجود ہو سکتے ہیں جس کی وجہ جانور کی اپنی گندگی یافضلہ ہو سکتا ہے۔

۔ غلاظت کے پھیلاؤ کا خطرہ (پار آلودگی)گندگی کے دیگرذرائع سے بھی ہو سکتا ہے جیسا کہ فضلہ،گند نکاسی، کیڑے،گندہ احاطہ اور سازوسامان